10-04-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ مرکزی وزیر وبی جے پی ریاستی صدر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ لوک سبھا انتخابات سے ملک کے مستقبل کو نئی جہت ملے گی۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ہومیوپیتھی کی مقبولیت میں اضافہ کیلئے ریسرچ اور پیشہ واریت اہمیت کی حامل ہیں۔

☆ الیکشن کمیشن نے تمام ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ انتخابی مواد کی طباعت سے متعلق اس کام کے ذمہ داروں کی نشاندہی کی جائے تاکہ انتخابات شفاف انداز میں منعقد ہوسکے۔

☆ کل حیدرآباد کی عیدگاہ میرعالم میں نماز عید کی ادائیگی کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔

☆ ریاست کے مختلف اضلاع میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بوندا باندی کے علاوہ بجلیاں چمک سکتی ہیں اور تیز ہوائیں چلنے کا قوی امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

عیدگاہ میرعالم حیدرآباد میں نماز عیدالفطر کیلئے تمام تر انتظامات کرلئے گئے ہیں۔نماز عید صبح دس بجے ادا کی جائے گی جبکہ توقع ہے کہ ہزار ہا افراد نماز ادا کریں گے۔محکمہ اقلیتی بہبود اور ریاستی وقف بورڈ کی جانب سے عیدگاہ میرعالم کے علاوہ قدیم عیدگاہ مادنا پیٹ اور باغ عامہ میں واقع شاہی مسجد میں انتظامات کی نگرانی کی جارہی ہے۔ان مقامات پر عید کے موقع پر ہر سال مصلیوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہوتی ہے۔توقع ہے کہ عیدگاہ میرعالم میں زائد از ایک لاکھ افراد نماز ادا کریں گے۔واٹر بورڈ کی جانب سے بھی پینے کے پانی کیلئے مناسب انتظامات کیے گئے ہیں۔اس کے علاوہ عظیم تر بلدیہ حیدرآباد کی جانب سے بھی عیدگاہوں کے آس پاس صفائی کے کام کیے جارہے ہیں۔حیدرآباد پولیس کی جانب سے عیدالفطر کے موقع پر ایک ہزار مرد وخواتین پر مشتمل سلامتی عملہ کے دستوں کو متعین کیا جائے گا۔وقف بورڈ کے صدرنشین محمد عظمت اللہ اور دیگر عہدیداروں نے عیدگاہ میرعالم کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

☆☆☆☆☆

ٹیچر اہلیتی ٹسٹ TS TET 2024 کے لئے درخواست دینے کی آخری تاریخ میں اس ماہ کی 20 تاریخ تک توسیع کی گئی ہے۔اس سے پہلے آخری تاریخ آج تک تھی۔آن لائن درخواستیں ویب سائیٹ schooledu.telangana.gov.in پر داخل کی جاسکتی ہیں۔اسے امیدوار جو پہلے ہی درخواستیں دے چکے ہیں وہ بھی کل سے بیس اپریل تک اپنی درخواستوں میں ردوبدل کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے اضلاع عادل آباد، آصف آباد، منچریال، نرمل اور نظام آباد میں مختلف مقامات پر آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بوندا باندی کے علاوہ بجلیاں چمک سکتی ہیں اور تیز ہوائیں چلنے کا قوی امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج جاری کردہ اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ یہی صورتحال اس ماہ کی چودہ تاریخ تک ریاست کے دیگر اضلاع عادل آباد، آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، سرسلہ، وقارآباد، سنگاریڈی میدک اور کاماریڈی میں بھی رہ سکتی ہے۔گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دو مقامات پر بارش درج کی گئی۔اعظم ترین درجہ حرارت کل میدک میں 40.8 ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

نومنتخبہ راجیہ سبھا کے ارکان نے آج حلف لیا۔صدرنشین جگدیپ دھنکر نے نئی دہلی میں واقع پارلیمنٹ ہاؤز میں ان ارکان کو حلف دلایا۔حلف لینے والے ارکان میں بی جے پی کے مینک بھائی جئے دیو بھائی، شیوسینا شنڈے کے ملند مرلی دیوڑا، کانگریس کی رینوکا چودھری، سماج وادی پارٹی کے رام جی لال سومن اور ٹی ایم سی کی ساگریکا گھوش شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆

الیکشن کمیشن نے تمام ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کوہدایت دی ہے کہ تمام طباعت کرنے والے اداروں کی انتخابات سے متعلق مواد کی نشاندہی کی جائے تاکہ انتخابی مہم کے دوران شفافیت اور جوابدہی کویقینی بنایا جاسکے۔کمیشن نے یہ فیصلہ مختلف نمائندگیوں کے بعد کیا جس میں کہا گیا تھا کہ بلدی انتظامیہ کی جانب سے پرنٹراور پبلیشر کی نشاندہی کے بغیر ہورڈنگس تیار کیے گئے۔تمام سیاسی اشتہارات اسی وقت لگائے جاسکتے ہیں جب اس سلسلے میں متعلقہ عہدیداروں کی اجازت حاصل ہو۔

☆☆☆☆☆

صدرجمہوریہ دروپدی مرمونے آج کہاہے کہ ہیوپیتھی کی مقبولیت میں اضافہ کیلئے ریسرچ اور پیشہ واریت کلیدی اہمیت رکھتی ہے جبکہ ہیوپیتھی کی دواؤں کی اہمیت میں اضافہ کیلئے ٹھوس طبی ریسرچ درکار ہے۔دروپدی مرمودوروزہ ہیوپیتھک سمپوزیم سے خطاب کررہی تھیں جو عالمی یوم ہیوپیتھی کے موقع پر آج نئی دہلی میں منعقد ہوا۔ صدرجمہوریہ نے ہیوپیتھی کو عالمی سطح پر قبول کئے جانے کی ستائش کی اور کہاکہ یہ آسان طریقہ علاج ہے جس کی مختلف اداروں بشمول وزارت آئیوش کی جانب سے ستائش کی گئی ہے۔دوروزہ مذکورہ پروگرام سنٹرل کونسل آف ریسرچ ہیوپیتھی کی جانب سے منعقد کیا جارہاہے۔

☆☆☆☆☆

325واں خالصہ پنت یوم تاسیس تقاریب جنہیں بیساکھی کے طور پر جانا جاتا ہے،سکھ طبقہ کی جانب سے بارہ سے چودہ اپریل کے درمیان منائی جائے گی۔ان تقاریب میں سب سے زیادہ توجہ کی بات گرودوارہ صاحب امیر پیٹ رہے گی جہاں ریاست کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے سکھوں کی آمد ہوگی۔اس کے علاوہ تیرہ اپریل کو بیساکھی کا بڑا پروگرام منعقد ہوگا جہاں دو بڑے پروگرام وشال دیوان اور نگرکیرتن کا اہتمام کیا جائے گا۔گرودوارہ صاحب امیر پیٹ پربندھک کمیٹی کے صدر درشن سنگھ اور جنرل سکریٹری سریندر سنگھ نے ایک پریس ریلیز میں یہ تفصیلات بتائیں۔

☆☆☆☆☆

سٹیزن ویلفیر اسوسی ایشن چنچل گوڑہ تلنگانہ اردوکونسل کی جانب سے سید مجتبٰی عابدی اور یوتھ لیڈر میر سیف علی عابدی نے عیدالفطر کے موقع پرعوام کومبارک باد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ عید سادگی سے مناتے ہوئے فلسطینی بھائیوں کے ساتھ اظہار یگانگت کی جائے اور ملک ودنیا بھر میں خوشحالی اور امن و بھائی چارگی کیلئے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

عیدالفطر کے موقع پرکل جمعرات کوسالارجنگ میوزیم بندرہے گا۔میوزیم کے انتظامیہ نے ٹوئٹرپر یہ بات بتائی۔

☆☆☆☆☆

بی آرایس پارٹی کے صدر چندرشیکھرراؤ نے حلقہ سکندرآباد کنٹونمنٹ کے ضمنی انتخاب کیلئے سابق ایم ایل اے آنجہانی نندیتا کی بہن نیودیتا کو پارٹی امیدوار بنائے جانے کا اعلان کیا ہے۔کے سی آر نے اس حلقہ اسمبلی سے تعلق رکھنے والے اہم پارٹی لیڈرس کے ساتھ مشاورت کے بعد یہ فیصلہ کیا۔نندیتا سڑک حادثہ میں ہلاک ہوگئی تھیں جس کے بعد اس حلقہ میں ضمنی انتخاب ضروری ہوگیا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیرو ریاستی بی جے پی صدر کشن ریڈی نے کوویڈ19 کے دور میں مفت چاول کی تقسیم اور مفت ٹیکہ اندازی جیسے راحتی اقدامات کرنے پر نریندرمودی کی قیادت کی ستائش کی ہے۔کشن ریڈی نے کہا کہ حکومت نے انفراسٹرکچر کوعصری بنانے کیلئے بھی اقدامات کئے ہیں۔حیدرآباد میں واقع سری پوری کالونیڈ،چندرابابونگر، اندرانگراور دیگر علاقوں میں انتخابی مہم میں حصہ لیتے ہوئے بی جے پی لیڈر نے عوام کو یہ یاد دلایا کہ یہ انتخابات ملک کے مستقبل کوایک جہت عطا کریں گے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا نے جو اس وقت دلی شراب کیس اسکام کے تحت تہاڑ جیل میں ہے، چار صفحات پر مشتمل ہاتھ سے لکھا ایک خط جاری کرتے ہوئے انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ بی جے پی کی مرضی سے کام کررہی ہے اور اپوزیشن لیڈرس کو نشانہ بنارہی ہے۔کویتا نے کہا کہ انہیں مذکورہ کیس میں شکار بنایا گیا ہے۔اسی دوران خصوصی جج کاویری باویجانے کویتا کی عدالتی تحویل میں 23 اپریل تک توسیع دیدی ہے۔

☆☆☆☆☆